مضمون لکھ کر شائع فرمائیں گے۔ میری دعا ہے۔ کہ لوگوں کو اس سے متعارف کرنے کے لیے خداوند کریم اکیڈمی اور تمام عملہ ماہنامہ الرحیم کی مدد فرمائے۔

شاہ محی الدین ملا فیروز شاہ گیلانی
سکنہ اکبر پورہ ضلع پشاور

السلام علیکم۔ بخیرم و خیر خواہم

مارچ کے شمارے میں سبز علی خاں صاحب کا خط "افکار و آراء" کے ذیل میں شائع ہوا ہے۔ میری بھی چند ایک تجاویز ہیں اگر آپ مناسب سمجھیں تو انہیں بھی قارئین کرام کے غور و فکر کے لئے شائع کر دیں۔

۱۔ سبز علی خاں صاحب کی تجویز کے مطابق جو ترجمہ اور تفسیر بھی الرحیم میں دی جائے وہ شاہ صاحبؒ ہی کے اقتباسات اور فتح الرحمٰن و الفوز الکبیر ہی میں سے ہو۔ اس سے قرآن پاک کو شاہ صاحب کے طرز فکر پر سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

۲۔ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا عنوان بھی مستقل ہو جائے۔ زیادہ ضرورت اس بات کی بھی ہے۔

۳۔ الرحیم میں شائع ہونے والے مضامین کا مواد بالکل مروجہ شرکیہ افعال اور بدعات سے پاک ہو اس لئے کہ ملت کے زوال کے اسباب میں سے یہ بھی ایک وجہ ہے۔

۴۔ ایک شمارے میں شائع ہونے والے ضروری خطوط جن میں کہ لکھنے والے نے کسی مسئلے کے بارے میں جواب طلب کیا ہو۔ آئندہ شمارے میں اس کو مطمئن بھی کیا جائے۔

۵۔ وقتاً فوقتاً آپ اس جریدہ کے ذریعہ قارئین کرام کو اپنے ادارے کی کارکردگی کے متعلق بھی مطلع کیا کریں۔ مثلاً کون کون سی کتابوں کے ترجمے ہو چکے ہیں۔ یا کون کون سی کتابیں شاہ صاحب کی زندگی یا ان کے طرز فکر کی وضاحت کے سلسلے میں معاون ہو سکتی ہیں اور ان کا پتہ۔

دعاگو۔ ملک نور محمد اعوان اختر واہ